28 اکتوبر تا 3 نومبر 2022 | شمارہ نمبر 44 | جلد نمبر 34
1989ء سے مسلسل اشاعت

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

FAIR TRADE (Pvt) Limted
A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board
Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™
ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board
pindo deli
paper products
Indah Kiat
Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012
111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG
بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد
خامس سعید بٹ

چیئرمین
کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

CONTACT
Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

CONTACT
Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200
Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی

رابطہ: 021-32632362-0308-2933229

weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

ڈیزائننگ: سمیر انصاری

پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 70 روپے

**چارجز**

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

A/c-No: 01025620311714112960

IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# اپیما کا وفد جرمنی کے دورے سے واپس پاکستان پہنچ گیا

## وفد کی جرمنی میں پاکستانی قونصل جنرل سے ملاقات اور فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت






آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون کے وفد کا فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت کے موقع پر وفد کے سربراہ خامس سعید بٹ کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

لاہور (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کا وفد 24 اکتوبر 2022 کو فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت کے بعد واپس پاکستان پہنچ گیا، وفد نے اپنے دورے کے دوران فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت کی اور جرمنی میں پاکستانی قونصل جنرل سے بھی ملاقات کی ہے۔ وفد خامس سعید بٹ کی سربراہی میں جرمنی کے دورے پر تھا۔ وفد کے دیگر اراکین میں فیاض احمد قادری، خواجہ محمد الیاس، محمد حفیظ، اطہر نصیر جوہر، فواد اقبال، محمد نعیم، حافظ شرجیل، نوید اختر شیخ، رانا فیاض احمد، محمد ندیم، زاہد اقبال، محمد شکیل اور یاسر صدیقی شامل تھے۔ وفد فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت کے لیے جرمنی کے دورہ پر گیا تھا۔ خامس سعید بٹ نے پاکستانی قونصل جنرل کو آگاہ کیا کہ اپیما کا وفد ہر سال فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت کرتا ہے جس کا مقصد صرف بیرونی تجارت، سرمایہ کاری اور مشترکہ منصوبہ سازی کو فروغ دینا ہی نہیں بلکہ پاکستان کی ساکھ کو عالمی سرمایہ کاروں کی نظر میں بہتر کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بک فیئر میں شرکت کے علاوہ وفد نے فرینکفرٹ میں پاکستانی قونصل جنرل، چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور دیگر تجارتی اداروں کا دورہ بھی کیا۔ اپیما کے وفد نے دوطرفہ تجارت بالخصوص پیپر انڈسٹری میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے بی ٹو بی میٹنگز بھی کیں۔ پاکستانی قونصل جنرل زاہد حسین نے دوطرفہ تجارت کے فروغ کے لیے وفد کو اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کا یہ دورہ کامیابی سے ہمکنار ہوگا جس سے دونوں ممالک کے تاجروں کے درمیان تعاون کے دروازے کھلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جرمنی اور پاکستان کے تاجروں کے درمیان مشترکہ منصوبہ سازی کو فروغ دینے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔



سابق وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن باؤ محمد بشیر اور ملک قدرت اللہ نے گذشتہ ہفتے اپنے دورہ کراچی کے موقع پر چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس محمد سلیم بیکیا سے ان کے آئی بی ایم کے دفتر میں ملاقات کی اور ظہرانہ میں شرکت کی، اس موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# فیڈریشن نے ڈی جی ٹی او کے نوٹس کے باوجود انتخابی پروگرام جاری نہیں کیا

## وزارت تجارت نے تاجر تنظیموں کے عہدیداران کی مدت بڑھا کر دو سال کرنے کے لیے وزارت قانون سے مشاورت طلب کر لی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وزارت تجارت نے ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 میں ترمیم کے ذریعے تاجر تنظیموں کے عہدیداران کی مدت ایک سال سے بڑھا کر دو سال کرنے کے لیے وزارت قانون سے مشاورت طلب کر لی۔ غیر یقینی صورتحال کی وجہ سے ریگولیٹر کی جانب سے نوٹس جاری کیے جانے کے باوجود فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری سال 2022-23 کے لیے لازمی انتخابی شیڈول جاری نہیں کر رہی۔ خدشہ تھا کہ اگر یہ ترمیم اپنی موجودہ شکل میں حتمی شکل اختیار کر لیتی ہے تو یہ صورتحال تجارتی اداروں کے پورے ڈھانچے اور تنظیم کو نقصان پہنچا سکتی ہے اور اس سے ممکنہ طور پر انتظامی اور قانونی مسائل کھڑے ہو سکتے ہیں۔ وزارت تجارت نے اپنے خط میں نشاندہی کی ہے سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی طرف سے متعارف کرائے گئے پرائیویٹ ممبر ترمیمی بل میں صرف تاجر تنظیموں کے عہدیداران کی مدت کی بات کی گئی ہے ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران کی نہیں، مزید برآں یہ بل موثر بہ ماضی یعنی یکم جنوری 2022 سے نافذ العمل ہوگا۔ حکومتی بل کے تحت مجوزہ بقیہ تبدیلیوں کو چھوڑ دیا گیا ہے اور پرائیویٹ ممبر بل میں ان کا تذکرہ نہیں کیا گیا جس سے تاجر تنظیموں کے انتظامی اور قانونی فریم ورک میں خامیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ ترمیم سے ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 کے سیکشن (1)11 کو عہدے داروں کی مدت کی حد تک تبدیل کر دیا گیا ہے اور ایگزیکٹو کمیٹی کی طرف توجہ نہیں دی گئی۔ ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 کے مطابق تاجر تنظیموں کے عہدیداروں کیلئے الیکٹورل کالج ان کی ایگزیکٹو کمیٹی ہے جبکہ ایف پی سی سی آئی کے عہدیداروں کا الیکٹورل کالج اس کی جنرل باڈی ہے۔ ایف پی سی سی آئی کی جنرل باڈی کو تمام تاجر تنظیموں کے ذریعے صرف ایک سال کے لیے نامزد کیا جاتا ہے۔ ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 کے رول (10)20 کے مطابق فیڈریشن کی صورت میں جنرل باڈی بشمول ایگزیکٹو کمیٹی اور عہدیداروں کی مدت ایک سال ہوگی۔ اس ترمیم سے اس طرح کی بے ضابطگی پیدا ہو گئی ہے کہ صدر ایف پی سی سی آئی دوسرے سال میں عہدہ برقرار نہیں رکھ سکتے کیونکہ اگلے سال کیلئے ان کے پاس جنرل باڈی کی نمائندگی نہیں ہے۔ وزارت تجارت نے وزارت قانون سے درخواست کی ہے کہ وہ بیان کردہ مسائل سے بچنے کے لیے قانونی اور انتظامی آپشنز سے متعلق مشاورت فراہم کرے۔

# ’’ڈالر کی قیمت میں لائی گئی کمی مصنوعی ہوگی‘‘

کراچی (نیوز ڈیسک) ماہرین معیشت کا کہنا ہے کہ اسحاق ڈار یہ سلسلہ روک سکتے ہیں، تاہم ڈالر کی قیمت میں لائی گئی کمی مصنوعی ہوگی۔ مارچ 2022 کے بعد سے ملکی معیشت کس صورتحال سے دوچار ہے، اس حوالے سے اندازہ لگانے کے لئے یوں تو بہت سی علامتیں ہیں، تاہم ڈالر ایک نمایاں علامت ہے، اور پاکستانی معیشت کو روپے کے مقابلے میں ڈالر کے اتار چڑھاؤ سے بھی جانچا جاتا ہے۔ ڈالر کی قیمت میں کمی اور قدر میں اضافے کے حوالے سے ماہرین نے بات کرتے ہوئے بتایا کہ اسحاق ڈار ڈالر کی قیمت میں کمی لا سکتے ہیں، تاہم ڈالر کی قیمت میں لائی گئی کمی مصنوعی ہوگی اور اس کے بعد میں نقصانات بھی ہو سکتے ہیں۔ ڈالر کے اتار چڑھاؤ نے سرمایہ کاروں اور کاروباری حضرات کا بھٹہ بٹھایا ہوا ہے، اپریل میں حکومت کی تبدیلی کے بعد مفتاح اسماعیل وزیر خزانہ بنے، اور انہوں نے ڈالر کو سنبھالنے کی کوشش بھی کی، لیکن مفتاح کے پانچ ماہ میں ایک ڈالر 183 روپے سے 240 روپے تک جا پہنچا۔ اتحادی حکومت کی جانب سے مفتاح کی تبدیلی کا فیصلہ کیا گیا اور اس تبدیلی کی خبروں کے ساتھ ہی یہ باتیں شروع ہو گئیں کہ ڈار آئے گا تو ڈالر نیچے لائے گا۔ اسحاق ڈار کے ٹریک ریکارڈ پر نظر رکھنے والوں کا کہنا ہے کہ ڈار کے پاس ڈالر کو کنٹرول کرنے کا صرف ایک ہی طریقہ ہے کہ وہ مارکیٹ میں ڈالر کی کمی نہ ہونے دیں۔ کراچی چیمبر آف کامرس کے سابق صدر اور تاجر رہنما زبیر موتی والا کا کہنا ہے کہ وزیر خزانہ اسحاق ڈار صرف ایک کام کرتے ہیں اور وہ ہے ڈالر کی ڈیمانڈ پوری کرنا، ڈالر کو نیچے لانے کے کچھ حربے بھی ہوتے ہیں جنہیں اسحاق ڈار اچھی طرح آزماتے ہیں، اور ڈالر کی قیمت بڑھنے میں کچھ بینکوں نے بھی خوب مال بنایا ہے اور اسحاق ڈار یہ سلسلہ روک سکتے ہیں۔ دوسری جانب ماہر معیشت ڈاکٹر قیصر بنگالی کا کہنا ہے کہ معاشی بہتری کے تمام حکومتی اقدامات مصنوعی ہیں، تجارتی خسارہ ختم کیے بغیر ڈالر کی قیمت میں لائی گئی کمی مصنوعی ہوگی، جس کا آگے چل کر نقصان ہوتا ہے۔ اتنے بڑے تجارتی خسارے کے باوجود ڈالر کیسے سستا ہوگا؟ اس حوالے سے وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار کا کہنا ہے کہ اس وقت ڈالر حقیقی سطح پر نہیں ہے، اور وہ ڈالر کو 200 روپے سے نیچے لائیں گے۔ منی چینجر کہتے ہیں روپے کی بے قدری میں افغانستان کی ڈالر ضروریات کا پاکستان سے پورا ہونا بھی ایک اہم وجہ ہے۔

## فچ نے پاکستان کی ریٹنگ میں مزید کمی کر دی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ملکوں کی معیشت کی عالمی سطح پر درجہ بندی کرنے والے بین الاقوامی ادارے فچ نے پاکستان کی معاشی درجہ بندی کو مزید کم کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کی ریٹنگ بی نیگیٹو سے ٹرپل سی پلس کر دی گئی۔ فچ ریٹنگ ایجنسی کے مطابق پاکستان کو بیرونی مالی دباؤ اور زرمبادلہ ذخائر میں کمی کا سامنا ہے، بگڑتے مالی حالات پالیسی کے خطرات کو ظاہر کرتے ہیں۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ موجودہ صورتحال جزوی طور پر بڑے پیمانے پر آنے والے سیلاب کا نتیجہ ہے۔ خیال رہے کہ 6 اکتوبر کو عالمی ریٹنگ ایجنسی موڈیز نے بھی پاکستان کی طویل المدتی قرضوں کی ریٹنگ بھی ڈاؤن گریڈ کر دی تھی۔

# گورنر سندھ کی صدر فیڈریشن کو اعزازی وزیر مملکت بنانے کی تجویز

## تجویز پر عمل، کاروباری برادری اور حکومت کے درمیان خلیج دور ہوگی، گورنر سندھ کا وزیر اعظم کو خط

کراچی (نیوز ڈیسک) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے وزیر اعظم شہباز شریف کو وفاق ایوان ہائے صنعت و تجارت کے صدر کو اعزازی وزیر مملکت مقرر کرنے کی تجویز دے دی۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری وزیر اعظم شہباز شریف کو خط لکھا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ کئی ممالک میں بزنس کمیونٹی کے سربراہان کو وزیر کی حیثیت دی جاتی ہے، ان کی تجویز ہے کہ وفاق ایوان ہائے صنعت و تجارت (ایف پی سی سی آئی) کے صدر کو اعزازی وزیر مملکت مقرر کیا جائے۔ خط میں گورنر سندھ نے مزید کہا ہے کہ صدر ایف پی سی سی آئی کو اعزازی وزیر مملکت بنانے سے بزنس کمیونٹی کے اعتماد میں اضافہ ہوگا، کاروباری برادری اور حکومت کے درمیان خلیج دور ہوگی۔ گورنر سندھ نے مزید کہا کہ تجویز پر عمل سے تجارتی پالیسیوں کی تیاری میں بزنس کمیونٹی کی بھرپور شرکت یقینی اور کاروباری برادری خود اعتمادی سے کام کرے گی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# جولائی۔ستمبر 2022: پنڈو گولڈن کوئنز میں اتار چڑھاؤ، کوئی اضافہ نہیں ہوا، بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں 15 روپے کلو تک کی کمی

## Prices Trend in July-September-2022 (Per Kg Rates)
### Imported **ART CARD** Indonesia and China

| Pindo | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | 190 | 400 | 400 | 405 | 415 | 430 | 405 | 400 | 400 | 390 | 390 | 390 | 400 | 0 |
| All Size | 200 | 400 | 400 | 405 | 415 | 430 | 405 | 400 | 400 | 390 | 390 | 390 | 400 | 0 |
| All Size | 210 | 400 | 400 | 405 | 415 | 430 | 405 | 400 | 400 | 390 | 390 | 390 | 400 | 0 |
| All Size | 250 | 400 | 400 | 405 | 415 | 430 | 405 | 400 | 400 | 390 | 390 | 390 | 400 | 0 |
| All Size | 260 | 400 | 400 | 405 | 415 | 430 | 405 | 400 | 400 | 390 | 390 | 390 | 400 | 0 |
| All Size | 300 | 400 | 400 | 405 | 415 | 430 | 405 | 400 | 400 | 390 | 390 | 390 | 400 | 0 |
| All Size | 310 | 400 | 400 | 405 | 415 | 430 | 405 | 400 | 400 | 390 | 390 | 390 | 400 | 0 |
| All Size | 350 | 400 | 400 | 405 | 415 | 430 | 405 | 400 | 400 | 390 | 390 | 390 | 400 | 0 |

| Ningbo Star | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | 250 | 395 | NA | NA | NA | NA | 390 | 390 | 390 | 380 | 380 | 380 | 390 | ( - 5 ) |
| All Size | 270 | 395 | NA | NA | NA | NA | 390 | 390 | 390 | 380 | 380 | 380 | 390 | ( - 5 ) |
| All Size | 300 | 395 | NA | NA | NA | NA | 390 | 390 | 390 | 380 | 380 | 380 | 390 | ( - 5 ) |
| All Size | 350 | NA | NA | NA | NA | NA | 390 | 390 | 390 | 380 | 380 | 380 | 390 | 0 |

| Art Card Japan | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 22 x 28 | 250 | 415 | 415 | 415 | NA | NA | 430 | 430 | 430 | 415 | 415 | 415 | 415 | 0 |
| 25 x 36 | 270 | 415 | 415 | 415 | NA | NA | 430 | 430 | 430 | 415 | 415 | 415 | 415 | 0 |
| 23 x 36 | 300 | 415 | 415 | 415 | NA | NA | 430 | 430 | 430 | 415 | 415 | 415 | 415 | 0 |
| 31 x 37 | 300 | 415 | 415 | 415 | NA | NA | 430 | 430 | 430 | 415 | 415 | 415 | 415 | 0 |

| Brief Card | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | 120 | 420 | 420 | 420 | 430 | 430 | 420 | 420 | 420 | 420 | 425 | 425 | 425 | ( + 5 ) |
| All Size | 150 | 420 | 420 | 420 | 430 | 430 | 420 | 420 | 420 | 420 | 425 | 425 | 425 | ( + 5 ) |
| All Size | 180 | 420 | 420 | 420 | 430 | 430 | 420 | 420 | 420 | 420 | 425 | 425 | 425 | ( + 5 ) |
| All Size | 210 | 420 | 420 | 420 | 430 | 430 | 420 | 420 | 420 | 420 | 425 | 425 | 425 | ( + 5 ) |
| All Size | 230 | 420 | 420 | 420 | 430 | 430 | 420 | 420 | 420 | 420 | 425 | 425 | 425 | ( + 5 ) |
| All Size | 235 | 420 | 420 | 420 | 430 | 430 | 420 | 420 | 420 | 420 | 425 | 425 | 425 | ( + 5 ) |
| All Size | 265 | 420 | 420 | 420 | 430 | 430 | 420 | 420 | 420 | 420 | 425 | 425 | 425 | ( + 5 ) |

| Color Brief | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 21 x 27 | 120 | 395 | 410 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | ( + 13 ) |
| 22 x 28 | 150 | 395 | 410 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 420 | ( + 25 ) |
| 22 x 28 | 180 | 395 | 410 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 408 | 420 | ( + 25 ) |

## Prices Trend in July-September-2022 (Per Kg Rates)
### Imported **BLEACH BOARD China** and **Indonesia**

| NINGBO GOLD | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | All Gsm | 366 | 366 | 366 | 380 | 380 | 372 | 370 | 365 | 354 | 352 | 352 | 352 | ( - 14 ) |

| REAL | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | All Gsm | 376 | 376 | 376 | 376 | 376 | 376 | 376 | 371 | 352 | 352 | 352 | 352 | ( - 24 ) |

| CHENMENG | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | All Gsm | 365 | 365 | 365 | 380 | 380 | 370 | 368 | 362 | 353 | 351 | 351 | 351 | ( - 14 ) |

| PINDO DELI | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | All Gsm | 363 | 363 | 363 | 375 | 375 | 367 | 365 | 360 | 350 | 348 | 348 | 348 | ( - 15 ) |

کراچی (پیپر بزنس نیوز)2022 کی پہلی سہ ماہی میں پنڈو آرٹ کارڈ انڈونیشیا اور چائنا کے بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ کے درآمد کنندگان کے لئے کاروباری لحاظ سے بہت بہتر اور دوسری سہ ماہی اپریل۔جون میں بھی یہ تیزی برقرار رہی تھی لیکن تیسری سہ ماہی میں بلیچ بورڈ میں 15 روپے کلو تک کمی ہوئی جبکہ آرٹ کارڈ کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے باوجود کوئی اضافہ نہیں ہوا۔گولڈن کوئنز برانڈ آرٹ کارڈ انڈونیشیا کی قیمتوں میں پہلی سہ ماہی میں 30 روپے فی کلو کا ریکارڈ اضافہ ہوا تھا جو 320 روپے فی کلو تک پہنچ گئی تھیں۔دوسری سہ ماہی میں اس میں مزید 80 روپے فی کلو کا اضافہ ہوا تھا۔اس طرح چھ ماہ میں 110 روپے کلو ریکارڈ اضافے کے بعد اس کی قیمت 410 روپے کلو تک پہنچ گئی تھی لیکن اب تیسری سہ ماہی میں قیمتیں 400 روپے پر برقرار ہیں۔چائنا کے آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار میں بھی پہلی سہ ماہی میں 25 روپے فی کلو کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا تھا جس کی قیمتیں 305 روپے سے بڑھ کر 330 روپے کلو تک پہنچ گئیں تھیں اور دوسری سہ ماہی میں مزید 60 روپے کلو اضافے کے بعد جنوری ۔ جون ششماہی میں یہ قیمتیں 390 روپے کلو پر بند ہوئی تھیں جو اس سہ ماہی میں اس قیمت پر دستیاب ہیں۔جبکہ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ قیمتوں میں پہلی سہ ماہی میں مجموعی طور پر 24 روپے کلو کا اضافہ ہوا تھا اور دوسری سہ ماہی میں مزید 35 روپے کلو اضافہ ہوا ہے اور یہ قیمتیں 30 جون 2022 کو 366 روپے کلو تک پہنچ گئی تھیں۔تیسری سہ ماہی میں قیمتوں میں 14 روپے کلو کمی دیکھی گئی اور اب 352 روپے کلو میں دستیاب ہے۔پہلی سہ ماہی میں چین منگ برانڈ کی قیمتوں میں 25 روپے فی کلو اضافہ ہوا تھا، دوسری سہ ماہی میں مزید 43 روپے کلو کا اضافہ ہوا جو 365 روپے کلو تک پہنچ گئی، اب یہ قیمتیں 14 روپے کلو کمی کے بعد 351 روپے پر پہنچ گئیں۔ پنڈو ڈیلی کے بلیچ بورڈ کی قیمتیں 24 روپے اضافے کے بعد 286 سے بڑھ کر 300 روپے فی کلو ہو گئیں تھیں، دوسری سہ ماہی میں 45 روپے مزید اضافے کے بعد 363 روپے کلو تک پہنچ گئی تھیں۔ تیسری سہ ماہی میں یہ قیمتیں 15 روپے کلو کمی کے بعد 348 روپے کلو ہو گئی ہیں۔

ساتھ ہی یکم جولائی تا 30 ستمبر 2022 کے دوران ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' کے 12 شماروں میں شائع ہونے والی قیمتوں کا تقابلی جائزہ دیا جا رہا ہے۔




یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

**Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM**

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80
**GSM**




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™

ISO 9001.2015
CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

IK Signature

**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.

With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY



پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM

International Business Management
First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk I website : www.ibmpakistan.com

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ایف بی آر ٹیکس دہندگان کی سہولت کیلئے ٹیکس نظام کو آسان بنانے کیلئے کام کر رہا ہے، عائشہ خالد

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو ٹیکس دہندگان کی سہولت کے لیے ٹیکس کے نظام کو آسان بنانے اور ٹیکس جمع کرنے والوں کے ساتھ براہ راست رابطے کو کم کرنے کے لیے کام کر رہا ہے۔ ٹیکس جمع کرنے والے اور ٹیکس دہندگان پاکستان کی معیشت کو بہتر بنانے کے مشترکہ مقصد کے لیے کام کر رہے ہیں، اس لیے ملک کے ٹیکس ریونیو کو مزید بڑھانے کے لیے اعتماد اور افہام و تفہیم کا رشتہ استوار کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ بات عائشہ خالد، چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو، ریجنل ٹیکس آفس، اسلام آباد نے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں تاجر برادری سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ عدنان انعام اللہ خان کمشنر ود ہولڈنگ ٹیکس، محترمہ عدیلہ یوسف خان کمشنر IR-او پی ایس ساؤتھ زون اور محترمہ عائشہ اسد ڈپٹی کمشنر آر ٹی او اسلام آباد بھی اس موقع پر ان کے ہمراہ تھیں۔ عائشہ خالد نے کہا کہ آر ٹی او نے ٹیکس دہندگان کی ٹیکس شکایات کے ازالے کے لیے ایک شکایات سیل قائم کیا ہے اور کہا کہ آئی سی سی آئی تاجر برادری کی ٹیکس شکایات کے ازالے کے لیے اس کے ساتھ رابطہ کاری کے لیے ایک فوکل پرسن کو نامزد کرے۔ انہوں نے کہا کہ آر ٹی او اسلام آباد آئی سی سی آئی میں ہیلپ ڈیسک کی درخواست پر غور کرے گا تاکہ اپنے ممبران کو ٹیکس ریٹرن فائل کرنے میں سہولت فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کی سہولت کے لیے ایسے ڈیسک بڑی مارکیٹوں میں بھی قائم کیے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ آر ٹی او اسلام آباد آئی سی سی آئی کے ساتھ مل کر ٹیکس کے مقررہ اہداف حاصل کرنے کے لیے تاجر برادری کے ٹیکس مسائل کو حل کرنے کی کوشش کرے گا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر احسن ظفر بختاوری نے کہا کہ آر ٹی او اسلام آباد کو 100 ٹاپ ٹیکس دہندگان کی فہرست فراہم کرنی چاہیے جو آئی سی سی آئی میں ان کی ٹیکس شراکت کو تسلیم کرنے کے لیے ایک تقریب منعقد کرے جس میں وفاقی وزیر خزانہ کو بطور مہمان خصوصی مدعو کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تمام چیمبرز آف کامرس ٹیکس کی بنیاد کو وسیع کرنے میں مثبت کردار ادا کر رہے ہیں کیونکہ کوئی بھی کاروباری شخص ٹیکس سسٹم میں رجسٹریشن کے بغیر اپنی رکنیت حاصل نہیں کر سکتا اور اس بات پر زور دیا کہ ایف بی آر نئے ٹیکس دہندگان کی شناخت کے لیے بڑے چیمبرز آف کامرس کے ساتھ قریبی رابطہ قائم کرے۔ انہوں نے کہا کہ RTO اسلام آباد کو چاہیے کہ وہ اپنے انسپکٹرز کو مارکیٹوں میں بھیجنے سے پہلے ICCI کو آن بورڈ لے تاکہ مشترکہ کوششوں سے ٹیکس کے معاملات کو حل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کی پالیسی سازی کے عمل میں تاجر برادری کو نمائندگی دی جائے تاکہ ٹیکس کے ایسے نظام کو فروغ دیا جا سکے جس سے کاروبار اور سرمایہ کاری کی سرگرمیوں کو فروغ ملے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس دہندگان کے لیے پر کشش فوائد خوف کے عنصر کو دور کریں گے اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ٹیکس نظام کی طرف راغب کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری کے ٹیکس مسائل کے حل کے لیے آئی سی سی آئی اور آر ٹی او اسلام آباد کے نمائندوں پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جائے۔ آئی سی سی آئی کے نائب صدر اظہر الاسلام ظفر نے چیف کمشنر آر ٹی او کا آئی سی سی آئی کا دورہ کرنے پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آئی سی سی آئی ٹیکس دہندگان کی سہولت کے لیے آر ٹی او کے ساتھ قریبی رابطے میں کام کرے گا۔ اس موقع پر موجود مختلف مارکیٹوں اور شعبوں کے نمائندوں نے اپنے ٹیکس کے مسائل کو اجاگر کیا اور اس بات پر زور دیا کہ آر ٹی او اسلام آباد کو ان کے حل کے لیے کردار ادا کرنا چاہیے۔ ظفر بختاوری، زاہد مقبول، بصر داؤد، خالد چوہدری، ایم رضوان چھینہ، اشفاق چٹھہ، خالد محمود، ہمایوں کبیر، چوہدری۔ محمد علی، راجہ امتیاز، مقصود تابش، فیضان شہزاد، محترمہ منیزہ مجید اور دیگر نے بھی چیف کمشنر آر ٹی او اسلام آباد کی توجہ کے لیے ٹیکس کے مختلف مسائل کو اجاگر کیا۔

# ٹیکس آمدن 10 ہزار ارب کی حد عبور کر سکتی ہے، پاکستان ٹیکس بار

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ پراپرٹی پر لگائی گئی 7ای کی شق کو سرے سے ختم یا 2 سال کیلئے موخر کیا جائے۔ سپر ٹیکس اور فکسڈ ٹیکس رجیم کا سٹیک ہولڈرز کی مشاورت کے بغیر نفاذ نہیں کرنا چاہیے تھا۔ اسے بھی موخر کر کے سٹیک ہولڈرز کی تجاویز سے حتمی شکل دی جائے۔ مشاورتی فیصلوں سے ٹیکس آمدن 10 ہزار ارب کی حد عبور کر جائے گی۔ پاکستان ٹیکس بار کی جنرل میٹنگ صدر رانا منیر حسین کی صدارت میں منعقد ہوئی جس میں قرارداد منظور کرنے سمیت دیگر مطالبات کئے گئے۔ جنرل میٹنگ میں پاکستان بھر سے عہدیداران اور ممبران کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر جنرل سیکرٹری چودھری قمر الزمان، سینئر نائب صدور، نائب صدور، عبدالقادر میمن، آفتاب حسین ناگرہ، منور شیخ، نعیم شاہ، عامر شہزاد، طاہر محمود بٹ، انور کاشف، فراز فضل شیخ، شہباز قادر، شکیل اے خان، زاہد عتیق چودھری، نیک محمد، رانا کاشف ولایت، ثاقب منیر رانا سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے رانا منیر حسین نے کہا کہ سیلاب کی تباہ کاریوں نے ہماری معیشت کو مزید مشکلات سے دوچار کیا ہے، روپے کی بے قدری، مہنگے یوٹیلٹی بلز کی وجہ سے کاروباری سرگرمیاں منجمد ہو رہی ہیں، اگر حکومت اور متعلقہ محکموں نے سخت فیصلے نہ کئے تو پھر بہت تاخیر ہو جائے گی۔ مطالبہ ہے کہ 7ای فوری ختم ہونا چاہیے، آئی ایم ایف کی شرائط پر اپنی عوام پر ظالمانہ ٹیکس لاگو نہیں کیا جا سکتا، اگر آئی ایم ایف کے بغیر حکومت نہیں چل سکتی تو چیمبرز اور ٹیکس بارز کو مشاورت کا حصہ بنایا جائے، ٹیکس آمدن میں اضافے تک آئی ایم ایف سے چھٹکارہ ممکن نہیں۔

# درآمدات پر شپنگ چارجز اور انشورنس اخراجات میں جولائی۔ستمبر میں 92 فیصد اضافہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملکی درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں سالانہ بنیادوں پر 92 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق جولائی سے ستمبر 2022 تک کی مدت میں ملکی درآمدات پر مال برداری اورانشورنس کے اخراجات کا حجم 999 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 92 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملکی درآمدات پر مال برداری اورانشورنس کے اخراجات کا حجم 519 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ ستمبر میں ملکی درآمدات پر مال برداری اورانشورنس کے اخراجات کا حجم 269 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال ستمبر کے مقابلہ میں 45.3 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ سال ستمبر میں ملکی درآمدات پر مال برداری اورانشورنس کے اخراجات کا حجم 185 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔

## پاکستان وایران کے درمیان ایف ٹی او پر دستخط کا مطالبہ

پشاور (بزنس ڈیسک) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر محمد اسحاق نے پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ اقتصادی وتجارتی تعلقات کو مزید بہتر و مستحکم بنانے کے لئے فری ٹریڈ ایگریمنٹ پر دستخط کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں برادر ہمسایہ ممالک کی حکومتیں مصنوعات/ اشیاء پر ٹیرف/ ٹیکسوں کی شرح میں کمی لانے کے لئے اقدامات اٹھائیں تاکہ باہمی تجارتی حجم میں اضافہ کیا جا سکے۔ پاکستان اور ایران کے مابین باہمی تجارت کو فروغ دینے کے لئے بے شمار مواقع موجود ہیں۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آرٹ پیپر نیو یا اور او جے آئی، آرٹ کارڈ جاپان اور آفسیٹ آئی کے کی قیمتوں میں اضافہ، پنڈو کارڈ اور فوٹو کاپی پیپر میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی اور مندی دیکھی گئی اور 26اکتوبر 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ گئی۔ جبکہ آرٹ پیپر نیو یا اور او جے آئی، آرٹ کارڈ جاپان، آفسیٹ آئی کے اور ریل کٹ کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 390 روپے سے کم ہو کر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام، 390 روپے سے بڑھ کر 415 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 355 روپے سے بڑھ کر 358 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 355 روپے سے بڑھ کر 358 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 355 روپے سے بڑھ کر 370 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایل ڈبلیو سی جاپان تمام سائز 60 گرام، 355 روپے سے بڑھ کر 370 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 385 روپے سے بڑھ کر 395 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین / ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 380 روپے سے بڑھ کر 385 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 53 گرام، 210 روپے سے کم ہو کر 195 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 920 روپے سے کم ہو کر 890 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 920 روپے سے کم ہو کر 890 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 930 روپے سے کم ہو کر 900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 900 روپے سے کم ہو کر 880 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 1080 روپے سے کم ہو کر 1070 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئ 70 گرام، 930 روپے سے کم ہو کر 920 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئ 70 گرام، A4 سائز 1040 روپے سے کم ہو کر 900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2900 روپے سے کم ہو کر 2860 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# گوادر فری زون میں جدید ای کسٹم کلیئرنس سسٹم کا اجراء

گوادر (بزنس ڈیسک) گوادر فری زون میں جدید ای کسٹم کلیئرنس سسٹم کا کامیابی سے اجراء ہوگیا۔ نئے ڈیجیٹلائزڈ ای کسٹم کلیئرنس سسٹم سے گوادر فری زون میں شپمنٹ کے تمام داخلے اور اخراج اس سسٹم کے ذریعے ہوں گے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور نے گوادر فری زون کمپنی کو آپریٹر آئی ڈی جاری کی گئی جس کے بعد روایتی سسٹم کو جدید سسٹم سے تبدیل کیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ آنے والے دنوں میں گوادر فری زون میں کام کرنے والی تمام کمپنیاں رجسٹرڈ ہو جائیں گی جس سے ان کیلئے سامان کی ترسیل یا سامان منگوانے میں مزید آسانیاں پیدا ہوں گی۔ کامرس اور شپمنٹ کی سرگرمیوں کو اسٹریٹجک فروغ دینے کیلئے رواں سال جولائی کے آخری ہفتے میں گوادر فری زون میں ای کسٹم کلیئرنس سسٹم نصب کیا گیا تھا جس میں پیپرلیس، انتہائی تیز رفتار، کم لاگت اور شفاف عمل اور طریقہ کار شامل ہے۔ گیم چینجنگ ای۔ انیشی ایٹو کا مقصد گوادر فری زون میں کمپنیوں کو گوادر پورٹ، کسٹم، این ایل سی، ایف بی آر، بینکنگ چینلز اور دیگر اداروں کے ساتھ مربوط ہونے میں سہولت فراہم کرنا ہے تاکہ اس سے کارکردگی میں اضافہ ہو اور مختلف محکموں میں پروسیسنگ میں لگنے والے وقت کو کم کیا جا سکے۔

# ایڈیشنل کلکٹر کسٹم کراچی محمد شعیب قاضی اور پی اے طارق عزیز معطل

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی سیکرٹری ریونیو ڈویژن اور چیئرمین ایف بی آر کی منظوری سے ایف بی آر نے بنیادی اسکیل نمبر 19 پاکستان کسٹم سروس کے ایڈیشنل کلکٹر کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ ویسٹ کسٹم ہاؤس کراچی محمد شعیب قاضی کو 120 ایام کیلئے فوری طور پر معطل کر دیا ہے۔ انکی معطلی کا نوٹیفکیشن 3280 سی ون 2022ء پیر 24 اکتوبر کو پیرزادہ محمد عمر قاسمی سیکرٹری ایچ آر ایم سی کے دستخطوں سے جاری کیا گیا۔ یہ نوٹیفکیشن سیکرٹری ریونیو ڈویژن' چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد' ایف بی آر کے تمام ممبر صاحبان' تمام ڈائریکٹر جنرل' چیف کلکٹرز کو بھی بھجوا دیا گیا ہے۔ دریں اثنا فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے ایک اور نوٹیفکیشنز جاری کیا گیا جس میں پرنسپل اپریزر پورٹ قاسم طارق عزیز کو بے ضابطگیاں ثابت ہونے پر چار ماہ کے لئے معطل کیا گیا ہے۔


توجہ فرمائیے

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229



CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ایف ٹی او نے ٹیکس دہندگان کو ریلیف فراہم نہ کرنے پر سیکڑوں مقدمات کا پتہ لگا لیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی ٹیکس محتسب (ایف ٹی او) نے بڑے ٹیکس دفاتر (ایل ٹی اوز) اور ریجنل ٹیکس آفسز (آر ٹی اوز) پر مشتمل سیکڑوں کیسز کا پتہ لگایا ہے جو ٹیکس دہندگان کے حق میں نئے احکامات جاری کرنے میں ناکام رہے جب کہ ان کے غیر قانونی اسسمنٹ آرڈرز کو منسوخ/حذف یا منسوخ کر دیا گیا تھا۔اس سلسلے میں، ایف ٹی او آفس نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے خلاف اپنی تحریک کی تحقیقات مکمل کر لی ہیں جس سے ٹیکس دہندگان کے سینکڑوں حقیقی کیسز کو ٹیکس ریلیف فراہم کرنے میں سب سے بڑی رکاوٹ سامنے آئی ہے۔ایف ٹی او کی اپنی تحریک کی تحقیقات نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ،" ایف ٹی او سیکرٹریٹ نے سینکڑوں ایسے کیسز کا پتہ لگایا ہے جن میں مختلف ایل ٹی اوز، سی ٹی اوز اور آر ٹی اوز پر قائم قانونی ٹائم لائنز سے آگے بلا جواز تاخیر کی گئی ہے" ۔ایف ٹی او کے حکم کے مطابق، انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 (آرڈیننس) کا سیکشن 124 ایف بی آر کی فیلڈ فارمیشنز کے ذریعے اپیل کے مختلف احکامات پر اثر انداز ہونے سے متعلق ہے۔ مختلف حالات میں اپیل اثر دینے کے لیے مختلف ٹائم لائنز مقرر کی گئی ہیں۔ذیلی دفعہ (1) کے تحت آنے والے مقدمات میں اپیل کا اثر مالی سال کے اختتام سے دو سال کے اندر دیا جانا ہے جس میں سی آئی آر (اپیل)، ٹریبونل، ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ کے اپیلی احکامات، جیسا کہ معاملہ ہو، پیش کیا گیا تھا۔ذیلی دفعہ (2) کے مطابق جہاں مختلف اپیلیٹ اتھارٹیز کے ذریعہ ایک کیس کو الگ کر دیا جاتا ہے، اپیل کا اثر مالی سال کے اختتام سے ایک سال کے اندر دیا جانا ہے جس میں CIR/CIR (اپیل)، جیسا کہ معاملہ ہو، اپیل کے احکامات کے ساتھ پیش کیا گیا تھا. ذیلی دفعہ (4) یہ فراہم کرتا ہے کہ جہاں آرڈیننس کے 129 اور 132 کے تحت منظور کردہ آرڈر میں براہ راست ریلیف فراہم کیا گیا ہے، کمشنر کو اس تاریخ کے دو ماہ کے اندر اپیل اثر کا حکم جاری کرے گا جب کمشنر کو حکم دیا گیا ہے۔مختلف انفرادی شکایات کی چھان بین کے دوران یہ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ محکمہ/ حکام کی طرف سے مذکورہ ٹائم لائنز پر عمل نہیں کیا جاتا ہے اور اس سلسلے میں ایف ٹی او سیکرٹریٹ کی سفارشات پر کمشنروں کے خلاف کچھ معاملات میں تادیبی کارروائی بھی شروع کی گئی ہے۔دفعہ 124 کی دفعات کے نفاذ میں کوتاہی اور عدم توجہی کا بار بار مشاہدہ کیا جاتا ہے، اس لیے ایف ٹی او کی طرف سے اون موشن انویسٹی گیشن شروع کی گئی۔CIR LTO اسلام آباد نے مطلوبہ معلومات جمع کرانے کے لیے وقت میں توسیع کی درخواست کی جس کی اجازت 2021.12.15 تک دی گئی۔ یہ کہا گیا کہ فوری طور پر اپنی تحریک کی تحقیقات کو بھی کسی خاص شکایت کی حمایت نہیں کی گئی۔ چونکہ اسلام آباد ہائی کورٹ (IHC) کی طرف سے حکم امتناعی دیا گیا تھا، اس لیے اس اون موشن انویسٹی گیشن پر کارروائی ملتوی کی جا سکتی ہے۔ایف ٹی او آرڈر کے نتائج سے یہ بات سامنے آئی کہ LTO، اسلام آباد کی جانب سے فرائض اور ذمہ داریوں کی ادائیگی میں غفلت، عدم توجہی، تاخیر، نااہلی اور نااہلی کی وجہ سے اپیلٹ آرڈرز کے تحت 124(1) اور 124 کو اپیل کا اثر نہیں دیا گیا۔آرڈیننس کی (4) مقررہ مدت کے اندر اور ایف ٹی او کی تحقیقات کے دوران اس پہلو کو چھپانا بدنیتی کے مترادف ہے۔

# جرمنی میں بڑے کاروباری ادارے شدید نقصان کا شکار

کراچی (انٹرنیشنل بزنس ڈیسک) جرمنی میں کاروبار کی دنیا کے موقر ترین اخبار ''ہانڈلزبلاٹ'' نے اپنی رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ ملک کی سب سے بڑی کاروباری کمپنیوں کے قرضہ جات تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکے ہیں اور صرف ایک سال میں ان کا حجم 533 ارب یورو ہو چکا ہے۔ یہ 150 کمپنیاں ملکی اسٹاک ایکسچینج پر لسٹڈ ہیں اور صرف ایک سال میں ان کارپوریشنز کے قرضہ جات میں 20 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ تاہم، ان کمپنیوں میں بینک اور انشورنس کمپنیاں شامل نہیں ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ روس اور یوکرین تنازع کے بعد یورپی ممالک کو تیل اور گیس کی مہنگی قیمتوں اور بحران کی وجہ سے شدید بحران کا سامنا ہے، 150 میں سے 25 کمپنیاں ایسی ہیں جن کے قرضہ جات ان کے اصل سرمایے سے بڑھ چکے ہیں اور کئی کمپنیاں اپنے قرضہ جات کو کم کرنے کی خاطر اپنے شیئرز فروخت کرنے پر غور کر رہی ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ بینکوں کی جانب سے مہنگائی کو کنٹرول کرنے کیلئے شرح سود میں اضافے کی وجہ سے بھی کمپنیوں کے قرضوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ بونڈیس بینک کے مطابق، گزشتہ سال کارپوریٹ بانڈز پر شرح سود صرف 0.7 فیصد تھی جو اب بڑھ کر 4.3 فیصد ہو گئی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ سب سے زیادہ قرضہ ملک کی بڑی ٹیلی کام کمپنی ڈوئچے ٹیلیکوم پر واجب الادا ہے جو بڑھ کر اب 145.8 ارب یورو تک جا پہنچا ہے۔ اتوار 23 اکتوبر کو ایک جرمن عہدیدار نے خبردار کیا تھا کہ ملکی کمپنیاں توانائی (بجلی و گیس) کی بڑھتی قیمتوں کی وجہ سے اپنا وجود برقرار رکھنے کیلئے شدید جدوجہد کر رہی ہیں، اور اب حالت یہ ہے کہ ان میں سے کئی کمپنیاں مہینوں نہیں بلکہ صرف ہفتوں میں ہی اپنا کام بند کرنے پر غور کر رہی ہیں۔ ایسوسی ایشن آف جرمن چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر پیٹر ایڈرین کا کہنا تھا کہ توانائی کا بحران بدترین ہونے کے دوران کئی جرمن کمپنیاں اپنی سرگرمیاں معطل کر دیں گی۔

# چھوٹے تاجروں کے لیے سادہ انکم ٹیکس ریٹرن فارم متعارف

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ایف بی آر نے چھوٹے تاجروں (ریٹیلرز) کے لئے سادہ انکم ٹیکس ریٹرن فارم متعارف کرا دیا۔ایف بی آر نے ایک کروڑ روپے سالانہ سے کم ٹرن اوور رکھنے والے چھوٹے تاجروں (ریٹیلرز) کے لئے سادہ انکم ٹیکس ریٹرن فارم متعارف کرا دیا ہے۔ایک کروڑ روپے سالانہ سے کم ٹرن اوور رکھنے والے تاجروں کو ایک صفحے پر مشتمل سادہ انکم ٹیکس ریٹرن فارم میں بنیادی نوعیت کی معلومات فراہم کرنا ہونگی جس میں سیل، اوپننگ اسٹاک، خریداری، کلوزنگ اسٹاک، منافع، نقصان و اخراجات، بجلی کے بل، پہلے سے اداہ کردہ ٹیکس، ٹیلی فون، موبائل فون اور پری پیڈ ٹیلی کارڈ کی مد میں اخراجات کی تفصیلات شامل ہیں۔اس کے علاوہ پانچ کروڑ روپے سالانہ تک ٹرن اوور رکھنے والے انفرادی ٹیکس دہندگان اور ایسوسی ایشنز آف پرسنز کیلیے بھی انکم ٹیکس ریٹرن فارم متعارف کروایا گیا ہے جس میں انھیں کاروباری تفصیلات فراہم کرنا ہوگی جو ٹیکس پہلے سے ادا کردہ ہے اس کی تفصیل بھی دینا ہوگی۔ امیر ترین لوگوں کیلیے بھی ڈکلیئریشن فارم متعارف کروایا گیا ہے۔

## سمیع اللہ ایف بی آر کے نئے سیکرٹری لیگل آئی آر مقرر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے سیکرٹری ایچ آر ایم آئی آر وقاص احمد لنگاہ نے 25 اکتوبر کو نوٹیفکیشن نمبر 3283-IR-1/2022 کے ذریعے سمیع اللہ خان آفیسر آف ان لینڈ ریونیو بنیادی اسکیل 19 نے 25 اکتوبر سے ایڈیشنل کمشنر آئی آر ریجنل ٹیکس آفس اسلام آباد کے عہدے کا چارج چھوڑ دیا ہے اور ایف بی آر ہیڈکوارٹر میں سیکرٹری لیگل آئی آر ونگ ایف بی آر کا چارج لے لیا ہے۔

**توجہ فرمائیں.....!**

ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## کراچی انٹرمیڈیٹ کے پرنٹنگ واسٹیشنری کے ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:BIE/AG/L&N/588/2022
اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر حوالہ نمبر:BSE/P&P/575/2022
پرنٹنگ آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:15 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: دفتر (پروکیورمنٹ ونگ) ایڈمن جنرل سیکشن، بختیاری یوتھ سینٹر، نارتھ ناظم آباد کراچی۔
فون:021-99260211-212-213
021-999260252-6

## حکومت سندھ کے ادارے کا پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:7 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: دفتر ورکرز ویلفیئر بورڈ سندھ، آٹھویں منزل، میرین فیصل بلڈنگ، A-10، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، نرسری، شاہراہ فیصل، کراچی۔
فون:021-34548137

## NED یونیورسٹی کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: PC/NED/EX/Answer Book/8177/2022
آنسر بک اسکرپٹ کی پرنٹنگ کوڈ کے ساتھ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:10 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: دفتر ADP-II، پروکیورمنٹ سیل، یونیورسٹی روڈ، کراچی۔
فون:021-99261261-68EXT:2471-2501

## راولپنڈی انٹروثانوی بورڈ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

جوابی کاپیاں میٹرک، تعداد:1800000 عدد
جوابی کاپیاں انٹرمیڈیٹ، تعداد:800000 عدد
پریکٹیکل جوابی کاپیاں میٹرک، تعداد:600000 عدد
پریکٹیکل جوابی کاپیاں انٹرمیڈیٹ، تعداد:100000 عدد
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:5 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: اسٹنٹ سیکریٹری اسٹورز، دفتر بورڈ، مورگاہ، راولپنڈی۔
فون:051-5450930

## سکھر انٹر بورڈ کا پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:BISE/Stroe/SUK/52
امتحانی میٹریل، آنسر اسکرپٹ واسٹیشنری کی پرنٹنگ
آفس اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:22 نومبر 2022ء

# کاروباری مواقع
# TENDERS

برائے رابطہ: دفتر سیکریٹری، سکھر۔
فون:071-9310622

## پیپلز میڈیکل کالج کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:PMCHN/SBA5/60
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:8 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: دفتر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ۔ نواب شاہ، شہید بے نظیر آباد۔
فون:0244-9370264

## یونیورسٹی آف ایجوکیشن کو پرنٹنگ خدمات درکار

لفافوں کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:4 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن آفس، کالج روڈ ٹاؤن شپ، لاہور۔
فون:042-99262230

## ڈویژنل ماڈل کالج کو پیپر درکار

پیپر A4 سائز، تعداد:400 ریم
پیپر A3 سائز، تعداد:400 ریم،
پیپر F4 سائز، تعداد:350 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:31 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: پرنسپل آفس، کمشنر آفس روڈ، نیو سول لائنز فیصل آباد۔
فون:041-9201424

## GC یونیورسٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:UPC/SS/008/22-23
لفافے لیگل سائز، اے فور سائز اور 9x4 سائز
تعداد: بالترتیب، 10,000 عدد (فی آئٹم)
فائل کور لیگل سائز، 12x19 سائز۔
تعداد: بالترتیب، 10,000 عدد (فی آئٹم)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:8 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پرچیز اینڈ انوینٹری مینجمنٹ آفس، کچہری روڈ، لاہور۔
فون:042-99213578-99213367EXT:454

## ساہیوال انٹر بورڈ کا پرنٹنگ و پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:303 اسٹور
جوابی کاپی تھیوری میٹرک، تعداد:16,00,000 کاپی
جوابی کاپی تھیوری انٹرمیڈیٹ، تعداد:8,00,000 کاپی
عملی جوابی کاپی تھیوری میٹرک، تعداد:150,000 کاپی
